**04.04.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................آسیہ میمونہ

**Music**

-------------------------------

☆ چار ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام ایک علاقے میں اسمبلی چناؤ کیلئے انتخابی مہم میں تیزی آگئی ہے۔

☆ انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال میں اسمبلی چناؤ کیلئے چار ہزار 660 معاون پولنگ مرکز قائم کرنے کی منظوری دی ہے۔

☆ اترپردیش پولیس نے لکھنؤ سے پاکستان کی ISI سے وابستہ دہشت گردوں کے ایک ماڈیول کا پردہ فاش کیا ہے اور چار کارندوں کو گرفتار کیا ہے۔

☆ بھارت کا پرچم بردار ایک اور تیل بردار جہاز Green Sanvi جنگ سے متاثرہ آبنائے ہرمز کو پار کرکے بھارت پہنچ رہا ہے۔

☆ ایران نے مغربی ایشیا میں جاری لڑائی کے باوجود امریکہ کی 48 گھنٹے کی جنگ بندی کی تجویز ردّ کردی ہے۔

☆ اور آج IPL میں دہلی کیپٹلس کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا، جبکہ گجرات ٹائٹنس، راجستھان رائلس کا سامنا کرے گی۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Election Story Intro**

آسام، پدوچیری، کیرالم، تمل ناڈو اور مغربی بنگال میں انتخابی مہم زور پکڑ رہی ہے۔

**Keralam Poll Campaign**

کیرالم میں 9 اپریل کو ہونے والے اسمبلی انتخابات سے قبل چناؤ مہم اپنے عروج پر پہنچ گئی ہے۔ بڑے سیاسی محاذوں کے سرکردہ قومی لیڈرس، ریاست بھر کے اہم حلقوں میں ریلیوں کی قیادت کررہے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C: Anila Balakrishnan**

*وزیرِ اعظم اور BJP کے اعلیٰ رہنما نریندر مودی Thiruvalla اور تھرو اننت پورم میں NDA انتخابی مہم میں شامل ہونے کیلئے آج تیسرے پہر کیرالہ پہنچ رہے ہیں۔ وہ Thiruvalla اسٹیڈیم*

میں ایک عام جلسے سے خطاب کریں گے، جہاں آس پاس کے حلقوں سے NDA امیدوار انتخاب لڑ رہے ہیں۔ اِس موقع پر پارٹی کے اعلیٰ رہنما بھی موجود رہیں گے۔ اِس کے بعد وزیرِ اعظم تھرو اننت پورم پہنچیں گے، جہاں وہ شہر کے قلب میں Karamana سے Killipalam تک ایک روڈ شو کی قیادت کریں گے۔
لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر اور کانگریس کے اعلیٰ رہنما راہل گاندھی Alapuzha میں چناؤ جلسے سے خطاب کریں گے۔
اِس کے علاوہ وہ Idukky اور Ernakulam ضلعوں میں مختلف حلقوں میں UDF کی چناؤ مہم میں شامل ہوں گے۔
کیرالہ کے وزیرِ اعلیٰ اور سینئر CPI-M رہنما Pinarayi Vijayan کنّور کے Dharmadom حلقے میں چناؤ مہم چلائیں گے، جہاں سے وہ LDF کے امیدوار کے طور پر چناؤ لڑ رہے ہیں۔
CPI-M کے جنرل سکریٹری M.A. Baby نے آج کوٹائم میں LDF کی انتخابی مہم میں شرکت کی۔
اعلیٰ رہنماؤں سمیت، مرکزی وزراء، وزراء اعلیٰ اور دیگر سرکردہ رہنما پوری ریاست میں زور و شور سے انتخابی مہم چلانے میں مصروف ہیں کیونکہ کیرالہ یہ مہم منگل کو ختم ہوجائے گی۔
ترو اننت پورم سے آکاشوانی نیوز کی Anila Balakrishnan کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں... عبدالمالک

## EC West Bengal

انتخابی کمیشن نے ووٹروں کی سہولت کیلئے مغربی بنگال میں چار ہزار 660، معاون پولنگ مراکز بنانے کی منظوری دی ہے۔ کیونکہ مغربی بنگال میں ووٹروں کی تعداد میں ایک ہزار 200 ووٹروں کا اضافہ ہوا ہے۔کمیشن نے ووٹروں کی آسانی کیلئے 321 پولنگ مراکز کو منتقل کرنے کی بھی منظوری دی ہے۔ معاون پولنگ مراکز سمیت اب مغربی بنگال میں پولنگ مراکز کی کُل تعداد 85 ہزار 379 ہوگئی ہے۔ انتخابی کمیشن نے اِس سلسلے میں ریاست کے چیف الیکٹورل افسر کو ایک خط لکھا ہے۔کمیشن نے کہا ہے کہ معاون پولنگ مراکز کے قیام اور پولنگ مراکز کی منتقلی کے حوالے سے بڑے پیمانے پر ووٹروں میں بیداری مہم چلائی جانی چاہیۓ۔ مغربی بنگال میں اسمبلی انتخابات دو مرحلوں میں منعقد ہوں گے۔ پہلا مرحلہ 23 اپریل کو اور دوسرا مرحلہ 29 اپریل کو ہوگا۔×

## TMC Leader Arrested

مغربی بنگال میں ووٹروں کو مبینہ طور پر ڈرانے دھمکانے کے الزام میں Deuli-1 گرام پنچایت سے TMC کے لیڈر Hafijul Molla Pradhan کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ اُن پر جنوبی چوبیس پرگنہ ضلعے میں اپنے حریف کو ڈرانے دھمکانے کا الزام ہے۔ انتخابی کمیشن کے حکام نے کہا ہے کہ مغربی بنگال پولیس ملزم کے خلاف مناسب قانونی کارروائی کررہی ہے۔×

**UP ISI Agents Arrest**

اترپردیش پولیس نے لکھنؤ سے ISI کے ایک Module کا پردہ فاش کرتے ہوئے چار مشتبہ کارندوں کو گرفتار کیا ہے، جو مبینہ طور پر ریلوے اسٹیشنوں سمیت اہم مقامات پر دھماکے کرنے کی منصوبہ بندی کررہے تھے۔ یوپی پولیس کے انسدادِ دہشت گردی کے دستے کے مطابق یہ چار مشتبہ افراد کُل گرفتار کئے گئے۔ اس Module نے مبینہ طور پر ریلوے سگنل Boxes ، بھیڑ بھاڑ والے مقامات، گیس سلنڈر سے بھری موٹرگاڑیوں اور معروف تنظیموں کے دفاتر پر دھماکے کرکے، دہشت پھیلانے کا منصوبہ بندی کی تھی اور ان کا پہلا نشانہ لکھنؤ ریلوے اسٹیشن تھا۔

پولیس کے امن و قانون محکمے کے ڈائریکٹر جنرل امیتابھ لیش نے کہا کہ اس گینگ کا سرغنہ ثاقب تھا، جو ایک حجام کے طور پر کام کرتا تھا اور وہ ٹیلی گرام، انسٹاگرام اور سوشل میڈیا کے دیگر پلیٹ فارمس کے ذریعے اپنے پاکستانی آقاؤں کے رابطے میں تھا۔ ان کے قبضے سے کیمیکلز سے بھرا ایک CAN، سات سیل فونز، کچھ پمفلٹس اور آدھار کارڈس برآمد کئے گئے ہیں۔x

**LPG Tanker Hormuz**

بھارت کا پرچم بردار ایک اور LPG تیل بردار جہاز Green Sanvi لڑائی سے متاثرہ آبنائے ہرمز سے گزر گیا ہے اور یہ بھارت کی جانب رواں دواں ہے۔ سرکاری ذرائع کا کہنا ہے کہ Green Sanvi، مغربی ایشیا میں لڑائی شروع ہونے کے بعد سے بھارت آنے والا ساتواں LPG تیل بردار جہاز ہے۔ مجموعی طور پر بھارت کے پرچم بردار 17 جہاز مغربی خلیج فارس کے خطے میں موجود ہیں، جن میں 400 سے زیادہ بھارتی جہازی موجود ہیں۔ جہاز رانی سے متعلق ڈائریکٹوریٹ جنرل، جہازوں کے آجرین اور بھارت کے مشنوں کے ساتھ تال میل کے ذریعے صورتحال پر سرگرمی سے نگاہ رکھے ہوئے ہیں۔

جہاز رانی سے متعلق ڈائریکٹوریٹ جنرل کنٹرول روم لگاتار رات - دن کام کام کررہا ہے اور اُس نے اب تک 10 ہزار سے زیادہ ای میل اور 4 ہزار 984 کالس کا نمٹارہ کیا ہے۔ اِس کے علاوہ، اُس نے ہوائی اڈوں اور خلیج میں مختلف علاقائی ٹھکانوں سے ایک ہزار 130 افراد مشتمل بحری عملے اور دیگر لوگوں کو مطلوبہ منزل تک پہنچانے میں مدد کی ہے۔x

**Raipur Coal India**

مغربی ایشیا میں جاری بحران کے پیش نظر، کول انڈیا لمیٹڈ ملک کی توانائی سے متعلق ضروریات کو پورا کرنے کی غرض سے ہر ممکن کوشش کررہا ہے۔ Korba کے اپنے دورے کے دوران، کول انڈیا کے چیئرمین، B.Sairam نے کہا کہ ملک کی توانائی کی مانگ کو پورا کرنے کیلئے اس وقت کوئلہ کا وافر ذخیرہ موجود ہے۔

**S/B: Chairman Coal India**

**Iran US Proposal**

ایران نے امریکہ کی 48 گھنٹے کی جنگ بندی کی تجویز کو باقاعدہ طور پر ردّ کردیا ہے، جس سے مغربی ایشیا میں حالتِ جنگ کے دوران تہران کے سخت موقف اظہار ہوتا ہے اور اِس طرح خطے میں مزید عدم استحکام کے بارے میں بھی تشویش پیدا ہورہی ہے۔ خبروں میں کہا گیا ہے کہ ایران نے امریکہ کی 48 گھنٹے کی جنگ بندی کو تجویز کو بالکل مسترد کردیا ہے، جو ایک تیسرے ملک کے ذریعے اُسے پیش کی گئی تھی۔ ساتھ ہی تہران نے اپنی کارروائیاں بھی تیز کردی ہیں۔ تجویز مسترد کئے جانے کے بارے میں امریکہ کی طرف سے کوئی بیان جاری نہیں کیا گیا ہے۔ تاہم امریکہ اور اسرائیل کی فوجیں ایران کے اندر مزید حملے کرکے اپنا دباؤ جاری رکھے ہوئے ہیں۔ دوسری طرف ایران کے اہلکاروں کا کہنا ہے کہ اہم بنیادوں ڈھانچوں کے پاس مزید

جانی نقصان ہوا ہے۔x

## Baloch Student Killed

بلوچستان میں انسانی حقوق سے متعلق ادارے نے بین الاقوامی تنظیموں اور عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ صوبے میں انسانی حقوق کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر فوری طور پر توجہ دیں۔ بلوچ یکجہتی کمیٹی BYC نے کہا ہے کہ ایک اور بلوچ طالبِ علم کو پاکستانی فوجوں نے کسی عدالتی کارروائی کے بغیر غیرقانونی طور پر موت کے گھاٹ اتار دیا، جس سے خطے میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے بارے میں پھر سے تشویش پیدا ہوگئی ہے۔ تنظیم کے مطابق 18 سالہ طالبِ علم غلام قادر کی لاش Gwadar ضلعے کے Palari علاقے سے ملی ہے، جبکہ تقریباً چار مہینے پہلے اُسے جبراً اٹھا لیا گیا تھا۔x

## PM Ramesh Vinaayakam

وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنی انتخابی مہم کے دوران چنئی میں موسیقار رمیش Vinayakam اور اُن کے خاندان سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہاکہ جناب Vinayakam نے بھارتی موسیقی کو مقبول بنانے میں اپنی زندگی وقف کردی اور Gamaka Box Notation سسٹم پر اپنی کام کے بارے میں بصیرت کا اشتراک کیا۔ جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ یہ قدم بھارتی موسیقی کو عالمی سطح پر لے جانے کا ایک اختراعی طریقہ ہے۔x

## Shekhawat Jan Vishwas Bill

ثقافت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے آج کہا ہے کہ Jan Vishwas (ترمیمی دفعات) بل 2026 قانون میں تبدیلی اور کاروبار میں آسانی لائے گا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر موصوف نے کہا کہ معمولی تکنیکی جرائم پر لوگوں کو جیل بھیجنے کے بجائے جرمانے عائد کئے جائیں گے، جس سے عدالتی عمل کو تیز تر اور زیادہ معقول بنایا جائے گا۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ اِس اقدامات سے تاجروں کے اعتماد میں اضافہ ہوگا اور عدالتوں پر بوجھ بھی کم ہوگا۔x

## Artemis II Earth Images

ناسا نے پہلی مرتبہ زمین کی اعلیٰ معیار کی تصاویر جاری کی ہیں، جو Artemis دوئم کے Orion خلائی طیارے کے عملے نے چاند کے گرد اپنے سفر کے دوران لیے ہیں۔ ایک فوٹو میں مشن کے کمانڈر Reid Wiseman کے ذریعے لی گئی تصویر میں زمین کو بادلوں کی تہوں میں لپٹا ہوا دکھایا گیا ہے۔

اِس تصویر میں، جسے Hello World کہا گیا ہے، نیلے رنگ کے وسیع پھیلاؤ کو دکھاتی ہے، جو بحرِ اوقیانوس ہے۔

ناسا کی خلائی گاڑی کل سہ پہر تک زمین سے ایک لاکھ 80 ہزار کلو میٹر سے زیادہ دوری طے کرچکی تھی، جبکہ وہ چاند کے مدار پر اپنی منزل کے نزدیک پہنچنے کیلئے شاید پیر تک مزید دو لاکھ 40 ہزار کلو میٹر کا فاصلہ طے کرلے گی۔x

## Cuba Prionsers Release

کیوبا نے امریکہ کی جانب سے مسلسل دباؤ کا سامنا کرتے ہوئے قیدیوں کی رہائی کا عمل شروع کردیا ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ وہ انسانی ہمدردی اور خود مختاری کے جذبے کے تحت دو ہزار سے زیادہ افراد کو رِہا کردے گا۔ کیوبا کی راجدھانی ممشرقی ہوانا میں کُل La-Lima جیل سے 20 سے زیادہ قیدی رِہا کئے گئے۔ رہا کیے جانے والے اِن افراد میں غیر ملکی شہری،

نوجوان افراد، خواتین اور 60 سے زیادہ برس کے افراد شامل ہیں۔ امریکہ میں کیوبا کے سفارتخانے نے کہا ہے کہ پچھلے دس سال میں یہ سب سے بڑی عام معافی سے متعلق اقدام ہے۔x

**Afghan Quake**

افغانستان میں ہندوکُش کے مقام پر اور پڑوسی ملک پاکستان میں کل شام 5 اعشاریہ 8 شدّت کا ایک طاقتور زلزلہ آیا، جس سے وسطی کابل صوبے کے بگرام ضلع میں کم از کم آٹھ افراد ہلاک ہوگئے، جبکہ ایک شخص زخمی بھی ہوا ہے۔
زلزلے کے جھٹکے پاکستان کی راجدھانی اسلام آباد، شمال مغربی صوبے خیبرپختونخواہ اور شمالی خطے گلگت بلتستان میں بھی محسوس کئے گئے۔ اس کے علاوہ کشمیر میں بھی زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔x

**IPL Cricket**

انڈین پریمیرلیگ کرکٹ میں، آج سہ پہر ساڑھے تین بجے دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں ڈیلی کیپیٹلس کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔ ایک دوسرے میچ میں، آج شام ساڑھے سات بجے احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ راجستھان رائلس سے ہوگا۔
کل رات چینئی کے ایم-اے چدمبرم اسٹیڈیم میں کھیلے گئے ایک میچ میں پنجاب کنگس نے چینئی سُپر کنگس کو پانچ وکٹ سے ہرا دیا۔ جیت کیلئے چینئی سُپر کنگس کی طرف سے دیے گئے 210 رن کے نشانے کو پنجاب کنگس نے 18 اوورس اور پانچ گیندوں میں 5 وکٹ کے نقصان پر حاصل کر لیا۔ چینئی کی طرف سے شریس ایّر نے سب سے زیادہ 50 رن بنائے، جبکہ پنجاب سُپر کنگس کے کھلاڑی Ayush Mhatre نے سب سے زیادہ 73 رن بنائے۔ پنجاب کے پریانش آریہ کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆